Nestlé Good food, Good life

Press Release

LAHORE, October 5, 2023

نیسلے پاکستان نے کارپوریٹ مہم 'اچھائی سے بنا، اچھائی کےلئے' کا آغاز کردیا

Achai Se Bana
ACHAI KE LIAY



نیسلے پاکستان نے اپنی کارپوریٹ مہم ”اچھائی سے بنا، اچھائی کےلئے“ کا آغاز کردیا۔

نیسلے پاکستان خوراک اور مشروبات کی اپنی وسیع رینج کے ذریعے ہرعمر کے کروڑوں لوگوں کو ذائقہ سے بھرپور صحت مند غذا فراہم کرتا ہے ۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جیسن اوانسینا، چیف ایگزیکٹو آفیسر، نیسلے پاکستان نے کہا ” ہماری کارپوریٹ مہم آج اور آنے والی نسلوں کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے خوراک کی اہمیت کواجاگر کرنےکی ش شوک کی ہے۔"

”اپنی ذمہ داریوں اور معاشرے پر مثبت اثرات سے بخوبی آگاہ ہوتے ہوئے ہم نیسلے میں جو کچھ کرتے ہیں اس کی بنیاد یہی مقصد ہوتا ہےہمیں احساس ہے کہ ہمارے اردگرد دنیا تیزی سے تبدیل ہورہی ہے اور ہم اس بدلتے ہوئے وقت میں ایک مثبت مستقبل کی تعمیر کےلئے کام کررہے ہیں۔“

انہوں نے مزید کہا”ہم افراد، طبقات اور کرہ ارض کےلئے معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کے اپنے عزم پر کاربند ہیں۔"

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے فیصل رانا، ہیڈ آف کمیونیکشن اینڈ مارکیٹنگ سروسز ، نیسلے پاکستان نے کہا” ”اچھائی سے بنا ، اچھائی کےلئے “ کا تصور نیسلے پاکستان کی غذائیت سے بھرپور بہتر پروڈکٹس کے فلسفہ کا خلاصہ پیش کرتا ہے اوراس چیز کو واضح کرتا ہے کہ کس طرح یہ اچھائی پروڈکٹس استعمال کرنے والے لوگوں اور ان سے وابستہ افراد کی زندگیوں پر مثبت اثرات مرتب کرتی ہے ۔"

” اچھائی “ کا مرکزی خیال فکری طورپر دو پہلو پر مشتمل ہے، ’ اچھائی سے بنا(عمدگی سے تیار کیا گیا) جو نیسلے کی پروڈکٹس کے اعلی معیارکوواضح کرتا ہے اور ’ اچھائی کےلئے ‘ (اچھائی کےلئے بنایاگیا) جو اس بات کو اجاگر کرتا ہے کہ نیسلے کی اچھی پروڈکٹس کیسے صارفین کی زندگیوں اور کرہ ارض پر مثبت اثرات مرتب کررہی ہیں۔

#NestléPakistan

#AchaiSeBanaAchaiKeLiay

#BeAForceforGood

#WeAreNestlé